اے اللہ ! تو سعد کو شفا دے، اے اللہ ! تو سعد کو شفا دے۔

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلى الله عليه وسلم میری عیادت کے لیے تشریف الئے تو آپ صلى الله عليه وسلم
نے دعا کی کہ اے اللہ ! سعد کو شفا دے، اے اللہ ! سعد کو شفا دے ۔ اے اللہ ! سعد کو شفا دے۔
[صحیح] [یہ حدیث متفق علیہ ہے اور الفاظ مسلم کے ہیں۔]

سعد بن ابی وقاص کی حدیث یہ ہے کہ نبی کریم صلى الله عليه وسلم نے سعد رضی اللہ عنہ جب بیمار تھے تو ان کی عیادت کی اور دعا فرمائی کہ “اے اللہ ! تو سعد کو شفا دے، اے اللہ ! تو سعد کو شفا دے، اے اللہ ! تو سعد کو شفا دے” ایسا آپ صلى الله عليه وسلم نے تین دفعہ کہا۔ اس حدیث میں دلیل ہے کہ آدمی کا کسی مسلمان مریض کی عیادت کے لیے جانا سنت ہے۔اس حدیث میں آپ صلى الله عليه وسلم کے اپنے صحابہ کے ساتھ حسن سلوک اور انداز معاملت کی بھی وضاحت ہے۔ آپ صلى الله عليه وسلم اپنے ِ صحابہ میں سے جو مریض ہوتے ان کی عیادت کے لیے جاتے اور ان کے لیے دعا کیا کرتے تھے ۔ اس حدیث میں اس طرح کی دعا مانگنے کے استحباب کی طرف بھی اشارہ ہے کہ “اے اللہ ! فالں شخص کو شفا عطا فرما ”، تین دفعہ نام لے کر ایسا کہیں گے ۔ مریض کے شفایاب ہونے کے اسباب میں سے یہ بھی ایک سبب ہے۔

/5469 show/ur/ hadeeth/ global. sunnah:// https